01-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الحدیث: صحیح البخاری	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشھادۃ العالمیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ------------------

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "قطع ید" سزا ہے:

(الف) چور کی (ب) شرابی کی (ج) زانی کی (د) تینوں کی

2۔ وحی کا آغاز ہوا:

(الف) سچے خوابوں سے (ب) الھایات سے (ج) مکاشفات سے (د) وحی سے

3۔ بخاری شریف کتب حدیث کی اس قسم سے تعلق رکھتی ہے:

(الف) جامع (ب) صحیح (ج) دونوں (د) سنن

4۔ امام بخاری کا فقہی مذہب تھا:

(الف) حنفی (ب) شافعی (ج) حنبلی (د) مالکی

5۔ ایک نیکی کا اجر کم از کم ہے:

(الف) ۷ گنا (ب) ۸ گنا (ج) ۹ گنا (د) ۱۰ گنا

6۔ قوت حافظہ کی شکایت کی تھی:

(الف) حضرت ابو ہریرہ نے (ب) حضرت عمر فاروق نے (ج) حضرت بلال نے (د) حضرت طلحہ نے

7۔ قبر میں میت کو ٹھکانہ دیکھایا جاتا ہے:

(الف) صبح کو (ب) شام کو (ج) صبح وشام کو (د) دوپہر کو

8۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایمان کی مٹھاس اتنی چیزوں میں ہے:

(الف) ۲ (ب) ۳ (ج) ۴ (د) ۵

9۔ اس دانے میں موت کے علاوہ ہر بیماری کی شفاء ہے:

(الف) کلونجی (ب) گندم (ج) چاول (د) جو

10۔ حالت احرام میں پچھنے لگوانا ہے:

(الف) جائز (ب) حرام (ج) مکروہ تحریمی (د) مکروہ تنزیہی

ورق الٹیے

11۔"عذرة" کا معنی ہے:

(الف) طاعون (ب) بخار (ج) خناق (د) نمونیہ

12۔جس نے ایک روزہ رکھا اس کے اور جہنم کے درمیان اتنے خریف کا فاصلہ ہو گا:

(الف) ٦٠ (ب) ٧٠ (ج) ٨٠ (د) ٩٠

13۔آپ ﷺ نے اپنا حواری قرار دیا:

(الف) حضرت زہیر کو (ب) حضرت بلال کو (ج) حضرت حذیفہ کو (د) حضرت سلمان فارسی کو

14۔آپ ﷺ نے فرمایا: کہ برکت اس کی پیشانی میں رکھی گئی ہے:

(الف) گائے (ب) بکری (ج) خچر (د) گھوڑا

15۔گھوڑے پالنے کے مقاصد ہیں:

(الف) ٢ (ب) ٣ (ج) ۴ (د) ٥

16۔آپ ﷺ نے عورتوں کے لیے اس کو جہاد قرار دیا ہے:

(الف) نماز (ب) عمرہ (ج) حج (د) روزہ

17۔جہاد میں دشمنوں کے ان افراد کو مارنا جائز نہیں ہے:

(الف) بچوں (ب) بوڑھوں (ج) عورتوں (د) تینوں

18۔غزوہ خیبر میں آپ ﷺ نے جھنڈا عطاء فرمایا:

(الف) حضرت علی کو (ب) حضرت عمر کو (ج) حضرت عثمان کو (د) حضرت ابو بکر کو

19۔عیادت مریض کے لیے وضو کرنا ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مباح

20۔ہلاکت کرنے والی چیز ہے:

(الف) شرک (ب) جادو (ج) دونوں (د) جوا

01-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الحدیث: صحیح البخاری	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة العالمية (السنة الثانية)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ------------------------------

حصہ انشائیہ

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ امام بخاری کا نام مع تاریخ وفات تحریر کریں۔
2۔ بخاری شریف کا مکمل نام تحریر کریں۔
3۔ وحی کا آغاز کیسے ہوے؟ بخاری شریف کی روشنی میں مختصراً تحریر کریں۔
4۔ "جہاد ایمان کا حصہ ہے" حدیث شریف عربی میں لکھیں۔
5۔ خمس سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔
6۔ علم کو کیسے اٹھایا جائے گا؟ حدیث شریف لکھیں۔
7۔ زیارت قبور کا کیا حکم ہے؟ وضاحت کریں۔
8۔ "لایومن احدکم حتی یحب لاخیه مایحب لنفسه" ترجمہ کریں۔
9۔ "من صام رمضان ایمانا واحتسابا غفرله ماتقدم من ذنبه" ترجمہ لکھیں۔
10۔ "سباب المسلم فسوق وقتاله کفر" کی وضاحت کریں۔
11۔ "من مات لایشرك بالله شیئا دخل الجنة" ترجمہ لکھیں۔
12۔ "لیس منا من لطم الخدود وشق الجیوب" ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ نماز جنازہ میں سورۃ فاتحہ پڑھنا کیسا ہے؟ احناف کا موقف لکھیں۔
2۔ مشرکوں کی نابالغ اولاد جو فوت ہو جائے اس کا کیا حکم ہے؟ تحریر کریں۔
3۔ جہاد کی فضیلت پر ایک حدیث لکھیں۔
4۔ شہادت کی تمنا کرنا کیسا ہے؟ حدیث شریف لکھیں۔
5۔ رسول اللہ کی زرہ کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کریں۔
6۔ نبی اکرم کے پرچم کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کریں۔
7۔ عیادت مریض کی فضیلت پر حدیث شریف لکھیں۔
8۔ "قال رسول الله ﷺ السمع والطاعة حق مالم یومر بالمعصية" ترجمہ کریں۔
9۔ اہل کتاب کے مسلمان ہونے کی فضیلت بارے حدیث شریف لکھیں۔
10۔ "ان الله قال اذا ابتلیت عبدی بحبیبتیه فصبر عوضته منهما الجنة" ترجمہ کریں۔
11۔ حدیث شریف کی روشنی میں بیماری کی فضیلت تحریر کریں۔
12۔ ایمان کمی اور زیادتی کو قبول کرتا ہے یا نہیں؟ وضاحت کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. امام بخاری اور ان کی صحیح بخاری پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

ii. "باب قول النبی ﷺ بنی الاسلام علی خمس وهو قول وفعل ویزید وینقص قال الله تعالی لیزدادوا ایمانا مع ایمانهم"

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) ایمان کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھیں۔ نیز امام بخاری نے ایمان کی کمی اور زیادتی کو قبول کرنے کے جو دلائل بیان کئے ہیں تفصیلاً لکھیں۔

iii. "عن انس بن مالك قال قال لاحدثنكم حدیثا لایحدثکم احد بعدی سمعت رسول الله ﷺ یقول من اشراط الساعة ان یقل العلم ویظهر الجهل ویظهر الزنا وتکثر النساء ویقل الرجال حتی یکون لخمسین امراة القیم الواحد" عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. بخاری شریف کی روشنی میں جہاد کی اہمیت وضرورت اور فضیلت پر جامع نوٹ لکھیں۔

ii. بخاری شریف کی روشنی میں عیادت مریض پر ایک مدلل مگر جامع نوٹ لکھیں۔

iii. "حدثنا ابوالیمان اخبرنا شعیب حدثنا ابوالزناد عن الاعرج عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ ﷺ قال ان للہ تسعۃ و تسعین اسما مائۃ الا اسماء من احصاھا دخل الجنۃ"

(الف) سند اور متن پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) بخاری شریف کی روشنی میں توحید باری تعالیٰ پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔